پاکِستان

مَیں پاکستانی ہُوں۔ پاکستان میرا وَطَن ہے۔ پاکِستان میں ہَرے بھَرے کھیت ہیں۔ اُونچے اُونچے پہاڑ ہیں۔ بَڑے بڑے دریا ہیں۔ اِس میں چھوٹے چھوٹے گاؤں بھی ہیں اور بَڑے بڑے شہر بھی۔

گاؤں والے کھیتوں میں کام کرتے ہیں۔ غَلّہ اُگاتے ہیں۔ شہر والے کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔ ہر طرح کی چیزیں بناتے ہیں۔

اِس طرح سب ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔

مَیں اپنے وَطَن سے بہُت پیار کرتا ہُوں۔ اس وَطَن کی ہر چیز مجھے پیاری ہے۔

مَیں اپنے وَطَن کے تَرانے گاتا ہُوں ۔ اس کے جَھنڈے کو
سَلام کرتا ہُوں ۔

مَیں پاکِستانی بچّہ ہُوں ۔ مجھے پاکِستان کے سب بچّوں
سے مَحبَّت ہے ۔ ہم سب پاکِستانی بچّے ہیں ۔ پاکِستانی بہادُر
ہوتے ہیں ۔ ہم بھی بہادُر ہیں ۔ پاکِستانی سچّے ہوتے ہیں ۔ ہم
بھی سچّے ہیں ۔

ہم پاکِستان کی عِزّت کرتے ہیں ۔ پاکِستان ہمارا ہے ۔ ہمیں
پاکِستان سے مَحبَّت ہے ۔ ہم اِس کا نام
رُوشن کریں گے ۔

پاکِستان زندہ با